0.5 ملی گرام دن میں ایک بار سے شروع کر کے 1 ملی گرام دن میں ایک بار تک استعمال کر سکتے ہیں۔

**مضر اثرات:۔**

جوڑوں کا درد، فلو، لیووڈوپا کے ساتھ لینے سے اس کے مضر اثرات کو بڑھا سکتی ہے۔

**ii۔ سیلیجیلین (Selegiline)**

5 ملی گرام صبح میں ایک بار اور بڑھا کر 5 ملی گرام دن میں دو بار لے سکتے ہیں۔ (آخری خوراک دوپہر کے آغاز میں لے لیں)

**مضر اثرات:**

بے خوابی بالخصوص جب دوسری خوراک شام کو دیر سے لی جائے۔ لیووڈوپا کے ساتھ استعمال کرنے سے اس کے مضر اثرات کو بڑھا سکتی ہے۔

**4۔ امینٹاڈائن (Amantadine)**

100 ملی گرام دن میں ایک بار سے شروع کر کے تین بار تک استعمال کرتے ہیں۔

**مضر اثرات:۔**

ٹانگوں میں سوجن کا آجانا، بازو و ٹانگوں پر سرخ دھبے پڑ جانا، فریب نظر

**5۔ اینٹی کولینرجکس (Anticholinergics) ٹرائی ہیکسی فینیڈل (Trihexyphenydil)**

1 ملی گرام روزانہ ایک بار سے شروع کر کے آہستہ آہستہ 2 ملی گرام دن میں تین باری لی جاتی ہے۔ روزانہ 5 ملی گرام دن میں تین بار تک بڑھائی جا سکتی ہے۔

**مضر اثرات:۔**

منہ کا خشک ہونا، مثانے کی کمزوری، قبض ہونا، نظر کے مسائل، فریب نظر

**6۔ سی او ایم ٹی انہبٹرز (COMT Inhibiitors)**

**اینٹیکاپون (Entacapone)**

200 ملی گرام لیوڈوپا کی ہر خوراک کے ساتھ اور روزانہ کل 1600 ملی گرام تک لی جا سکتی ہے۔

**مضر اثرات:۔**

پیشاب کا رنگ زرد ہو جانا، پیچش، لیوڈوپا کے مضر اثرات کو بڑھا سکتی ہے۔

مندرجہ بالا تجاویز معلومات عامہ کے لیے فراہم کی جاتی ہیں ان پر عمل کرنے سے پہلے اپنے معالج سے مشورہ کرنا ضروری ہے۔

جملہ حقوق طباعت محفوظ ہیں تاہم بغیر کسی ترمیم کے فوٹو کاپی کی اجازت ہے۔ یہ بروشرز مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

www.pdprogram.org

Dr. A.Q. Rana. M.D. FRCPC(Canada),FRCP-Hon (U.K)

Neurologist

World Parkinson's Program

Toronto, Canada

ورلڈ پارکنسنز پروگرام کا مشن پارکنسن کی بیماری سے متعلق صحیح اور مکمل معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس پروگرام کے بانی کینیڈا کے نیورالوجسٹ ڈاکٹر عبدالقیوم رانا ہیں۔ اس پروگرام کی شاخیں دنیا کے مختلف ممالک میں موجود ہیں۔ مزید معلومات کے لیے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ بھی دیکھ سکتے ہیں۔

www.pdprogram.org.

هوالشافی

﴿2﴾

آپکے سوالات اور ہمارے جوابات

# پارکنسن کا مرض اور اس کا علاج

# Treatment of Parkinson's disease

(اردو)-Urdu

Dr. Abdul Qayyum Rana

Neurologist

پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم رانا

ایم ڈی (امریکہ) ایف آر سی پی سی (کینیڈا) ایف آر سی پی اعزازی (برطانیہ)

نیورالوجسٹ

ورلڈ پارکنسنز پروگرام، ٹورانٹو، کینیڈا

www.pdprogram.org

World Parkinson's Program

Toronto, Canada

## پارکنسن کے مرض کا علاج کیسے کیا جاتا ہے؟

بدقسمتی سے اس مرض کا کوئی دائمی اور مستقل علاج نہیں ہے لیکن بہت ساری ایسی ادویات موجود ہیں جن کے استعمال سے مریض کی علامات میں بہت بہتری ہوجاتی ہے۔ادویات کے علاوہ فزیوتھراپی اور سپیچ تھراپی سے بھی مدد مل سکتی ہے۔کچھ مریض نیوروسرجری سے بھی افادیت حاصل کر سکتے ہیں۔

## میرے لیے کونسا علاج مناسب ہے؟

ہر مریض کا علاج دوسرے سے مختلف ہوسکتا ہے جس کا دارومدار مختلف عوامل پر ہوتا ہے۔جیسا کہ بیماری کی شروعات یا جسم کے خاص اعضا کا متاثر ہونا۔ایک کام کرنے والے شخص کا علاج ایک بوڑھے اور ریٹائرڈ شخص سے پہلے شروع کرسکتے ہیں تا کہ اس کے کام کرنے کی صلاحیت متاثر نہ ہو۔عموماً ادویات کا آغاز اس وقت شروع کر دیا جاتا ہے جب مریض کو عام روزمرہ زندگی میں دشواری کا سامنا کرنا پڑے۔

یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ ادویات سے بیماری کا دائمی سد باب نہیں ہوتا لیکن اس کی علامات بہت بہتر ہوجاتی ہیں اور مریض کی روزمرہ زندگی آسان ہوجاتی ہے۔

اپنے معالج کے مشورے کے بغیر اپنی دوائیوں میں ترمیم بالکل نہیں کرنی چاہیے۔

## کن اقدامات سے علاج میں بہتری لائی جاسکتی ہے؟

☆ اپنے ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق باقاعدگی سے مقررہ وقت پر دوالینا نہایت ضروری ہے۔

☆ سال میں کم از کم دوبار ڈاکٹر کے پاس طبی معائنہ کے لیے جانا اور ادویات اور اپنی کیفیت کے بارے میں تفصیلاً مشورہ کرنا۔

☆ ایک مقرر کردہ فارمیسی سے ہی ہر بار دوالینا بہتر ہے تا کہ ان کے پاس آپ کی دوائیوں کا سارا ریکارڈ موجود رہے ہر بار اپنے فارماسٹ سے اپنی دوائیوں کے بارے میں مشورہ کرنا۔

☆ دوا استعمال کرتے وقت ایک گلاس پانی پینا دوا کے جذب ہونے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

## کونسی ادویات پارکنسن کے مرض کے علاج کیلئے استعمال ہوتی ہیں؟

**1۔ لیوڈوپا(Levodopa)**

ابتداء میں 100/25 ملی گرام 1/2 گولی روزانہ ایک بار آہستہ آہستہ بڑھا کر 1 گولی دن میں تین بار استعمال کی جاتی ہے۔روزانہ کی خوراک 300 سے لیکر ٹوٹل 2000 ملی گرام تقسیم کر کے دن میں کئی بار استعمال کرسکتے ہیں۔

**مضر اثرات:۔**

چکر آنا، جی متلانا، خواب سی کی کیفیت

**ii۔لیووڈوپا/کارب ڈوپا سی آر**

Levodopa/carbidopa CR کنٹرولڈ ریلیز

100/25 گولی یا 200/50 ملی گرام گولی دن میں کئی بار استعمال کرسکتے ہیں۔

**مضر اثرات:۔**

چکر آنا، جی متلانا، خواب سی کی کیفیت

**iii۔ لیووڈوپا/بنسرازائیڈ**

**(Levodopa/Bensarazide)**

ابتداء میں 50/12.5 ملی گرام کیپسول دن میں ایک بار شروع کی جاتی ہے آہستہ آہستہ بڑھا کر 100/25 ملی گرام کیپسول دن میں تین بار لی جاسکتی ہے۔روزانہ 300 ملی گرام سے ٹوٹل 2000 ملی گرام تقسیم کر کے دن میں کئی بار لی جاسکتی ہے۔

**مضر اثرات:۔**

چکر آنا، جی متلانا، خواب سی کی کیفیت

**2۔ڈوپامین ایگونسٹ(Dopamine Agonist)**

**(i) پریمیکسول(Pramipaxole)**

0.125 ملی گرام دن میں تین بار سے بڑھا کر زیادہ سے زیادہ 1.5 ملی گرام دن میں تین بار استعمال کی جاسکتی ہے۔

**مضر اثرات:۔**

متلی کی کیفیت، ایک دم نیند میں چلے جانا، جوا کھیلنا، زیادہ کھانا، زیادہ خریداری کرنا، فریب نظر، ٹانگوں میں سوجن اور جنسی خواہش کا بڑھنا

**(i) روپینارول(Ropinirole)**

ابتداء میں 0.25 ملی گرام دن میں تین بار استعمال کی جاتی ہے آہستہ آہستہ بڑھا کر انتہائی خوراک 8 ملی گرام دن میں تین بار استعمال کی جاتی ہے۔

**مضر اثرات:۔**

متلی کی کیفیت، ایکدم نیند میں چلے جانا، جواء کھیلنا، زیادہ کھانا، زیادہ خریداری کرنا، فریب نظر، ٹانگوں میں سوجن اور جنسی خواہش کا بڑھنا۔

**3۔ ایم اے او بی انہبٹر (MAOB Inhibitors)**

**i۔رزیجالین(Rasagiline)**